© rasailojaraid.com



اخوندزادہ عبدالقیوم فاضل دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک
صدر مدرس ومفتی دارالعلوم حنفیہ ۔ چکوال

## امام ابوحنیفہ ــ بنام ــ یوسف بن خالد سمتیؒ

# وصیّت امام اعظم ابوحنیفہؒ

## علماءِ حق کا منشور اور نسخہ اکسیر!

سیدنا امام الائمہ، سراج الامت، سید الفقہا، محدث کبیر، حافظ الحدیث امام اعظم امام ابو حنیفہؒ کا یہ وصیت نامہ جو بظاہران کے شاگرد رشید یوسف بن خالد سمتیؒ کے نام ہے۔ مگر اصلاح و تربیتِ نفس، موعظت وحکمت آموزی میں سب کو یکساں اور ہر ایک کی رہنمائی کے لئے نسخہ اکسیر ہے۔ امام صاحب یہ "وصیّت" اسلامی تعلیمات کا خلاصہ، ہزاروں صفحات کا نچوڑ، اور عمر بھر کے تجربات کا عطر ہے۔ امام صاحب اپنی اس مختصر مگر اہم ترین تالیف میں ایک مشفق باپ، ایک مہربان استاد، ایک ماہر نفسیات، عظیم دانشور، معلّم اخلاق، زبان کا واشناس، اہلِ زمانہ کا مزاج شناس، کہنہ مشق اور صاحب طرز ادیب کے طور پر سامنے آتے ہیں۔ گویا امام صاحب کی زندگی کا ایک ایسا رخ سامنے آجاتا ہے جو عموماً اوجھل رہا ہے۔

صاحبانِ عقل وخرد واہلِ بصیرت کے ہاں امام ابوحنیفہؒ کی علمی خوبیوں، علم حدیث میں فضل وتفوق ومرتبۂ علیا حدیث دانی وحدیث فہمی میں مہارت وامامت، علم فقہ میں فضل وتقدم، فوق العادت، علم وبصیرت، فہم وفراست حزم واحتیاط اور جلالت شان کے لئے امام صاحبؒ کی یہ "وصیت" ایک عظیم اور مستقل سند کی حیثیت رکھتی ہے۔

## اَلدِّینُ النَّصِیحَةُ
(الحدیث)

بَعَدَ ان اَخَذَ یوسف بن خالدِ السمتی العلم عن ابی حنیفة و اَرادَ الرّجوعَ اِلیٰ بلدته البصرة اِستاذنَ ابا حنیفة فی ذلك، فقال له ابوحنیفة: حتّیٰ ازوّدك

یوسف بن خالد سمتی نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ کی خدمت میں رہ کر تکمیل علم کر چکے تو وطن مالوف بصرہ کو واپس ہونے کا ارادہ کیا۔ استاذ شفیق سے اجازت چاہی تو امام صاحب نے فرمایا کہ میں تمہارے لئے چند باتیں کہنا چاہتا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بوصيّة فيما تحتاج اليه في معاشرة الناس ـ و مراتب اهل العلم و تاديب النفس و سياسة الرّعيّة، و رياضة الخاصة و العامة، وتفقّد امر العامة، حتى اذا خرجت بعلمك كان معك آلة تصلح له، وتزينه ولا تشينه ـ

ہوں۔ یہ باتیں تمہیں ہر جگہ کام دیں گی۔ خواہ لوگوں کے ساتھ معاملات ہوں یا اہل علم کے مراتب کا سوال ہو۔ تادیب نفس کا مرحلہ ہو، یا خواص و عوام کی تکمیل ہو۔ یا عام حالات کی تحقیق مقصود ہو۔ غرض کہ یہ باتیں دینی اور دنیاوی زندگی کے ہر موڑ پر کام آئیں گی۔ اور علم کے لئے ایک ذریعہ خیر و صلاح بن جائیں گی۔

واعلم انك متى اسأت معاشرة الناس صاروا لك اعداءً، و ان كانوا لك آباءً و امّهاتٍ و متى احسنت معاشرة قوم ليسوا لك بأقرباء صاروا لك امهاتٍ وآباءً ـ

اس نکتہ کو خوب سمجھ لو کہ جب تم انسانی معاشرے کو برا سمجھو گے تو لوگ تمہارے دشمن بن جائیں گے وہ تمہارے ماں باپ ہی کیوں نہ ہوں اور جب تم اس معاشرے کے ساتھ اچھا سلوک کرو گے تو یہ معاشرہ تمہیں عزیز رکھے گا اور اس کے افراد تمہارے لئے ماں باپ بن جائیں گے۔

ثم قال لي: اصبر حتى افرغ لك نفسي، واجمع لك همّي، و اعرّفك من الامر ما تحمدني في نفسك عليه. وما توفيقي الا بالله.

پھر فرمایا: ذرا اطمینان سے مجھے چند باتیں کہنے دو میں تمہارے لئے ایسے امور کی نشاندہی کئے دیتا ہوں جن کا تم خود بخود شکریہ کے ساتھ اعتراف کرنے پر مجبور ہو گئے۔ وما توفیقی الا باللہ۔

فلمّا مضى الميعاد اخلى لي نفسهُ فقال: انا اكشف لك عمّا تعرّضتُ له.

كأنّي بك، وقد دخلت البصرة وأقبلت على من يخالفوننا بها و رفعت نفسك عليهم، و تطاولت بعلمك لديهم، و انقبضت عن معاشرتهم و مخالطتهم و خالفتهم و خالفوك و هجرتهم و هجروك و شتمتهم و شتموك ـ و ضلّلتهم

تھوڑی دیر کے بعد فرمایا۔ دیکھو! گویا میں تمہارے ساتھ ہوں اور تم بصرہ پہنچ گئے ہو اور تم اپنے مخالفوں کی طرف متوجہ ہو گئے۔ اپنے آپ کو ان پر فوقیت دینے لگے۔ تم نے اپنے علم کی وجہ سے خود کو ان پر بڑا ثابت کیا۔ ان کے ساتھ اختلاط کو برا سمجھا۔ ان کے معاشرے سے منقبض ہو گئے۔ ان کی مخالفت پر کربستہ ہو گئے۔ نتیجہ میں انہوں نے بھی تمہاری مخالفت کی۔ تم نے انہیں چھوڑ دیا۔ انہوں نے بھی تمہیں منہ نہ لگایا تم نے انہیں گالی دی۔ تند کی بہ تند کی جواب ملا۔ تم نے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وَ ضَلَّلُوكَ وَبَدَّعُوكَ، وَاتَّصَلَ الشَّينُ بِنَا وَبِكَ، فَاحْتَجْتَ إِلَى الإِنتقالِ عَنْهُمْ وَالهَرَبِ مِنْهُمْ، وَ هٰذا لَيسَ مِنْ رَأيٍ لِأَنَّهُ لَيْسَ بِعَاقِلٍ مَنْ لَمْ يُدَارِ مَنْ لَيْسَ لَهُ مِن مُدَارَاتِهٖ بُدٌّ حتّٰى يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُ مَخْرَجًا.

إِذَا دَخَلْتَ الْبَصرَةَ اسْتَقْبَلَكَ النَّاسُ وَزَارُوكَ، عَرَفُوا حَقَّكَ، فَأَنزِلْ كُلَّ رَجُلٍ مِنْهُمْ مَنْزِلَتَهُ، وَ أَكْرِمْ أَهْلَ الشَّرَفِ وَ عَظِّمْ أَهْلَ الْعِلْمِ، وَ وَقِّرِ الشُّيُوخَ، وَلَاطِفِ الْأَحْدَاثَ وَ تَقَرَّبْ مِنَ الْعَامَّةِ،

وَ دَارِ الْفُجَّارِ. وَ اَصْحَبِ الاخيارِ وَلَا تَتَهَاوَنَ بِالسُّلْطَانِ، وَلَا تحقرنَّ أَحَدًا. وَلَا تُقَصِّرَنَّ فِي إِقَامَةِ مُرُوءَتِكَ، وَلَا تُخْرِجَنَّ سِرَّكَ إِلَى أَحَدٍ، وَلَا تَثِقَنَّ بِصُحْبَةِ أَحَدٍ حَتّٰى تَمْتَحِنَه، وَلَا تُصَادِقْ خَسِيسًا وَلَا وَضِيعًا، وَلَا تَأْلَفَنَّ مَا يُنْكَرُ عَلَيْكَ فِي ظَاهِرِكَ، وَ إِيَّاكَ وَ الانْبِسَاطَ إِلَى السُّفَهَاءِ وَلَا تُجِيبَنَّ دَعْوَةً. وَلَا تَقْبَلَنَّ هَدِيَّةً.

وَ عَلَيْكَ بِالْمُدَارَةِ، وَالصَّبرِ وَ الاِحْتِمَالِ، وَ حُسْنِ الخُلُقِ وَسَعَةِ الصَّدْرِ. وَاسْتَجِدَّ ثِيَابَكَ. وَاستعِرْ

انہیں گمراہ کہا، توانہوں نے تمہیں بدعتی اور گمراہ گردانا۔ یہ تو سب کا دامن آلودہ ہوگیا۔ اب تمہیں ضرورت ہوئی کہ تم ان سے کہیں دور بھاگ جاؤ اور یہ کھلی حماقت ہے۔ وہ شخص کبھی اچھی سوجھ بوجھ کا نہیں ہو سکتا ہے کہ اسے کسی سے واسطہ پڑا ہو اور وہ کوئی راہ پیدا ہونے تک نباہ نہ کر سکے۔

جب تم بصرے پہنچو گے تو لوگ تمہارا خیر مقدم کریں گے۔ تم سے ملاقات کے لیئے آئیں گے۔ کیونکہ یہ ان کا معاشرتی فریضہ ہے۔ اب تم ہر ایک کو اس کا مقام عطا کرو۔ بزرگوں کی عزت کرو۔ علماء کی تعظیم کرو۔ بوڑھوں کی توقیر کرو۔ نوجوانوں سے نرمی کا برتاؤ کرو عوام کے قریب رہو۔

نیک و بد کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا رکھو۔ بادشاہِ وقت کی توہین نہ کرو، کسی کو کمتر نہ سمجھو۔ اپنی مروّت و شرافت کو پس پشت نہ ڈالو۔ اپنا راز کسی پر فاش نہ کرو۔ بغیر پرکھے ہوئے کسی پر اعتماد نہ کرو بیٹھو خسیس الطبع اور کمینوں سے میل ملاپ نہ رکھو اس شخص سے محبت والفت کا اظہار نہ کرو جو تمہیں ناپسند کرتا ہو۔ سنو! کہ احمقوں سے مل کر خوشی کا اظہار نہ کرو، نہ ان کی دعوت پر لبیک کہو اور نہ ہی ان کا ہدیہ قبول کرو۔

نرم گفتاری، ضبط و تحمل، حسنِ اخلاق، کشادہ دلی، اچھے لباس اور خوشبو کو اپنے لیئے لازم رکھو سواریوں میں ہمیشہ اچھی سواری رکھو۔ حوائج ضروریہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دابّتك و اكثر استعمال الطيب واجعل لنفسك خلوة ترمّ بها حوائجك وابحث عن اخبار حشمك ولقدّم في تاديبهم وتقويمهم ۔ واستعمل في ذلك الرفق ، ولا تكثر العتاب فيهون العذل ، ولا تلِ تاديبهم بنفسك فانّه ابقى لحالك ۔

وحافظ على صلواتك ، وابذل طعامك ، فانّه ما ساد بخيل قطّ ولتكن لك بطانة تعرّفك اخبار الناس فمتى عرفت بفساد بادرت الى اصلاحه ، ومتى عرفت بصلاح اردت فيه رغبة و عناية

وزر من يزورك ، و من لا يزورك ، و احسن الى من يحسن اليك او يسيئ ۔ وخذ العفو ، وأمر بالمعروف ، و تغافل عمّا لا يعنيك واترك كل من يؤذيك ، و بادر في اقامة الحقوق ۔ و من مرض في اخوانك فعده بنفسك ، و تعاهده برسلك ، و من غاب منهم افتقدت احواله ، و من قعد منهم عنك فلا تقعد انت عنه ، وصل من جفاك و اكرم من اتاك ، واعف عمّن اساء اليك ، ومن تكلّم فيك

کے لئے کوئی وقت مقرر کر رکھو تاکہ ہر کام کو آسانی سے کر سکو، اپنے ساتھیوں سے غفلت نہ برتو۔ ان کی درستگی کی سب سے پہلے فکر کرو۔ مگر اس میں نرمی کا دامن ہاتھ سے نہ جانے دو۔ نرم لہجہ میں گفتگو کو اپناؤ۔ عتاب و توبیخ سے بچو کہ اس سے ناصح ذلیل ہو جاتا ہے انہیں اس بات کا موقع نہ دو کہ وہ تمہاری تادیب کریں ایسا کرنے سے تمہارے حالات درست رہیں گے۔

نماز کی پابندی کرو۔ سخاوت سے کام لو۔ کیونکہ بخیل آدمی کبھی سردار نہیں بن سکتا۔ اپنا ایک مشیر کار بنا لو جو تمہیں لوگوں کے حالات سے مطلع کرتا رہے اور جب تمہیں کوئی خراب بات نظر آئے تو اس کی اصلاح کرنے میں جلدی کرو۔ جب تم اصلاح کی راہ پاؤ تو اپنی رغبت اور عنایت کو اور بڑھا دو۔

جو شخص تم سے ملے اس سے ملا کرو۔ اور اس سے بھی جو نہ ملے۔ جو شخص تمہارے ساتھ نیک سلوک کرے اس کے ساتھ ویسا ہی معاملہ کرو۔ اور اگر کوئی بدخلقی سے پیش آئے تو تم حسن اخلاق کا ثبوت دو۔ عفو اور کرم کو مضبوطی سے تھام لو۔ نیک کاموں کی طرف لوگوں کو متوجہ کرو۔ اور جو شخص تمہارے درپے آزار ہو اس سے ترک تعلق کر لو۔ حقوق کی ادائیگی میں کوشاں رہو۔ اگر کوئی مسلمان بھائی بیمار ہو جائے تو اس کی مزاج پرسی کرو اور اگر کوئی آنا چھوڑ دے تو تم نہ چھوڑو۔ اگر کوئی شخص تم پر ظلم کرے تو اس کے ساتھ صلہ رحمی کرو۔ جو شخص تمہارے پاس آئے اس کی عزت کرو۔ اگر کسی نے تمہاری برائی کی تو اس سے درگذر کرو۔ جو شخص تمہارے خلاف

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بالقبيح فتكلّم فيه بالحسن و الجميل، و من مات منهم قضيت حقّه، و من كانت له هنّاته بها - و من كانت له مصيبة عزّيته عنها - و من اصابته جائحة توجّعت بها، و من استنهضك بامرٍ من اموره نهضت له، و من استغاثك فاغثه، و من استنصرك نصرته، و اظهر تودّدًا الى الناس ما استطعت و افش السلام ولو على قوم لئام، و متى جمع بينك و بين غيرك مجلس، او ضمّك و ايّاهم مسجد، و جرت المسائل و خاضوا فيها بخلاف ما عندك لا تبد لهم منك خلافا۔

غلط قسم کا پروپیگنڈہ کرے اس کے بارے میں تم اچھی بات کرو۔ اگر کسی کا انتقال ہو جائے تو اس کے حقوق پورے کردو۔ اگر کسی کو خوشی کا موقع میسر آجائے تو اسے مبارک باد دو۔ اگر کسی پر مصیبت آپڑے تو اس کی غم خواری کرو۔ اگر کسی پر آفت ٹوٹ پڑے تو اس کے غم میں شرکت کرو۔ اگر کوئی تم سے کام لینا چاہے تو کردو۔ اگر کوئی فریادی ہو تو اس کی فریاد سن لو۔ اگر کوئی طالب نصرت ہو تو اس کی مدد کرو۔ جہاں تک ہو سکے لوگوں سے محبت اور راحت کا اظہار کرو۔ سلام کو رواج دو۔ خواہ وہ کمینوں ہی کی جماعت ہو۔ اگر مسجد میں یا تمہارے پاس کچھ لوگ بیٹھے مسائل پر گفتگو کر رہے ہوں تو ان سے اختلاف رائے نہ کرو۔

فان سئلت عنها اخبرت بما يعرفه القوم، ثمّ تقول: فيها قول آخر، و هو كذا و كذا، و الحجّة له كذا، فان سمعوه منك عرفوا منزلتك و مقدارك و اعط كلّ من يختلف اليك نوعًا من العلم ينظر فيه۔

اگر تم سے کوئی بات پوچھی جائے تو پہلے جو لوگوں میں رائج ہو اسے بتاؤ پھر کہو اس میں دوسرا قول بھی ہے اور وہ ایسے اور ایسے ہے، اور اس کی دلیل یہ ہے اگر انہوں نے سن لیا تو یقیناً ان کے دلوں میں تمہاری قدر و منزلت ہو جائے گی۔ جو شخص تمہاری مخالفت کرے تو اسے ایسی کوئی راہ دکھا دو جس پر وہ غور کرے۔

و خذهم بجليّ العلم دون دقيقه و آنسهم و مازحهم احيانًا و حادثهم فانّها تجلب لك المودّة، و تستديم

لوگوں کو آسان باتیں بتایا کرو۔ دقیق اور گہرے مسائل نہ بیان کرو۔ مبادا وہ غلط مطلب سمجھ لیں۔ ان سے لطف اور مہربانی کا معاملہ کرو۔ کبھی کبھی ان سے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مُوَاظَبَةَ الْعِلْمِ، وَ اَطْعِمْهُمْ اَحْيَانًا، وَ تَغَافَلْ عَنْ زَلَّاتِهِمْ، وَ اَقْضِ حَوَائِجَهُمْ، وَ اَرْفَقْ بِهِمْ، وَسَامِحْهُمْ وَلَا تُبْدِ لِاَحَدٍ مِنْهُمْ ضِيْقَ صَدْرٍ اَوْ ضَجَرًا، وَ كُنْ كَوَاحِدٍ مِنْهُمْ وَ عَامِلِ النَّاسَ مُعَامَلَتَكَ لِنَفْسِكَ وَ ارْضَ مِنْهُمْ مَا تَرْضَاهُ لِنَفْسِكَ وَاسْتَعِنْ عَلٰى نَفْسِكَ بِالصِّيَانَةِ لَهَا، وَالْمُرَاقَبَةِ لِاَحْوَالِهَا، وَدَعِ الشَّغَبَ، وَلَا تَضْجَرْ لِمَنْ يَفْجُرُ عَلَيْكَ، وَ اسْمَعْ مَنْ يَسْتَمِعُ مِنْكَ وَلَا تُكَلِّفِ النَّاسَ مَالَا يُكَلِّفُوْنَكَ وَارْضَ لَهُمْ مَارَضُوْا لِاَنْفُسِهِمْ، وَ قَدِّمْ اِلَيْهِمْ حُسْنَ النِّيَّةِ، وَاسْتَعْمِلِ الصِّدْقَ وَاطْرَحِ الْكِبْرَ جَانِبًا، وَ اِيَّاكَ وَ الْغَدْرَ وَ اِنْ غَدَرُوا بِكَ، وَ ادِّ الْاَمَانَةَ، وَ اِنْ خَانُوْكَ، وَ تَمَسَّكْ بِالْوَفَاءِ، وَاعْتَصِمْ بِالتَّقْوٰى، وَ عَاشِرْ اَهْلَ الْاَدْيَانِ حَسْبَ مُعَاشَرَتِهِمْ —— فَاِنَّكَ اِنْ تَمَسَّكْتَ بِوَصِيَّتِيْ هٰذِهٖ رَجَوْتُ لَكَ اَنْ تَسْلَمَ ثُمَّ قَالَ لَهٗ: اِنَّهٗ يُحْزِنُنِيْ مُفَارَقَتُكَ وَ تُؤْنِسُنِيْ مَعْرِفَتُكَ فَوَاصِلْنِيْ بِكُتُبِكَ؟ وَ عَرِّفْنِيْ حَوَائِجَكَ، وَكُنْ لِيْ كَابْنٍ فَاِنِّيْ لَكَ كَابٍ —— وصلى الله على سيدنا محمدٍ النبيِّ الاميِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وصحبهٖ وَ سلَّمَ۔

ہنسی اور مذاق بھی کر لیا کرو کیونکہ تمہارا یہ عمل لوگوں میں محبت پیدا کرے گا۔ ہمیشہ علمی چرچا رکھو۔ اور کبھی کبھی ان کی دعوت کر دیا کرو، ان سے سخاوت کیا کرو چھوٹی چھوٹی غلطیوں سے تغافل برتو۔ انکی ضروریات کو پورا کرو۔ لطف و کرم اور چشم پوشی کو اپنا خاصہ بنالو۔ کسی سے دل تنگ اور زجر و بیخ سے پیش نہ آؤ۔ آپس میں گھل مل کر اسطرح رہو گویا تم ایک ہی ہو۔ لوگوں کے ساتھ وہی معاملہ کرو جو اپنے لئے پسند کرتے ہو، ان کے لئے وہی چیزیں پسند کرو جو تمہیں مرغوب ہوں، نفس کی حفاظت کرو اور احوال کی دیکھ بھال رکھو فتنہ انگیزی سے دور رہو۔ اگر کوئی شخص تمہیں زجر و توبیخ کرے تو تم اسے نہ جھڑکو، اگر کوئی تمہاری باتیں غور سے سن رہا ہو تو تم بھی اس کی طرف کان لگالو، لوگوں کو ایسی چیز کا مکلف نہ بناؤ جس کی وہ تمہیں تکلیف نہیں دے رہے ہیں حسن نیت سے عوام کا خیر مقدم کرو۔ سچائی کو لازم رکھو۔ غرور و تکبر کو ایک طرف ڈال دو۔ دھوکہ بازی سے دور رہو۔ چاہے لوگ تمہارے ساتھ ایسا ہی معاملہ کر رہے ہوں۔ امانت میں خیانت نہ کرو۔ خواہ لوگ تمہارے ساتھ خیانت ہی کیوں نہ کر رہے ہوں۔ وفاداری اور تقویٰ کو مضبوطی سے تھام لو۔ اہل کتاب سے وہی رہن سہن رکھو جیسا وہ تمہارے ساتھ رکھ رہے ہیں —— پس اگر تم نے میری اس وصیت پر عمل کیا تو یقیناً ہر آفت سے بچے رہو گے۔ دیکھو اس وقت میں دو کیفیتوں سے دوچار ہوں تم نظر سے دور ہو جاؤ گے اس کا تو غم ہے اور اس پر مسرت ہے کہ تم نیک و بد کو پہچان لوگے۔ خط و کتابت جاری رکھنا اپنی ضرورتوں سے مطلع کرتے رہنا تم میری اولاد ہو۔ میں باپ ہوں —— وصلی اللہ علی سیدنا محمد النبی الامی



© rasailojaraid.com